WWW.NAFSEISLAM.COM

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں سو جاؤں یا مصطفٰی کہتے کہتے
کھلے آنکھ صل علیٰ کہتے کہتے
ستم پہ ستم سہہ گے دشمنوں کے
حبیبِ خدا، یا خدا کہتے کہتے
میں واللیل پڑھنے لگا بے خودی میں
تیری زلف کا ماجرا کہتے کہتے
قیامت میں جب میں نے حضرت کو دیکھا
تڑپنے لگا والضحٰی کہتے کہتے
نبی کی زیارت مدینے میں ہوگی
مدینے میں ہی چل دیا کہتے کہتے
ہزاروں ہوئیں مشکلیں میری آساں
فقط ایک مشکل کشا کہتے کہتے
وہ مالک ہے سب کا وہ بخشے گا سب کو
ہوئے سرخ رو آپ ہر معرکے میں
فقط ربنا ربنا کہتے کہتے
گزرتے تھے کانٹے بھرے راستوں سے
رسولِ خدا، مرحبا کہتے کہتے
شہا ہر دو عالم نے نامِ جبیں سے
بھرا پیٹ شکرِ خدا کہتے کہتے
اندھیروں میں ہم نے کیا ہے اجالا

عقیدت سے نورالہدیٰ کہتے کہتے

دل مضطرب کو قرار آ گیا ہے

شب و روز یا مجتبیٰ کہتے کہتے

مصیبت کے ماروں کٹھن منزلوں سے

گذر جاؤ یا مصطفیٰ کہتے کہتے

میں سوجاؤں یا مصطفیٰ کہتے کہتے

کھلے آنکھ صل علیٰ کہتے کہتے